سبقی منصوبہ بندی 1	مضمون: معاشرتی علوم	جماعت: پنجم	تیسری سہ ماہی
وقت: 40 منٹ	تاریخ: ________	ہفتہ: 10	اُستاد کا نام: ________

سبق کا نام: رقم کا ارتقا	باب ششم: معاشیات

مقاصد:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- لوگوں کی زندگی میں زر کے کردار اور اہمیت کو بیان کر سکیں۔

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب

تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے سوال پوچھیں:

- کاغذی نوٹ کس نے متعارف کروائے؟
- برصغیر میں کرنسی کی ابتدا کب ہوئی؟
- برصغیر میں مغلیہ سلطنت کی بنیاد کس نے رکھی؟

طلبہ سے جوابات لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔
- طلبہ کو بتائیں رقم ہماری زندگی میں خاص اہمیت رکھتی ہے۔ یہ سکوں اور کاغذی نوٹوں کی شکل میں لین دین کا اہم ذریعہ ہے۔
- انھیں واضح کریں کہ ہم اپنی روزمرہ زندگی کی تمام ضروریات رقم کے ذریعے پوری کرتے ہیں۔ رقم کو نہ صرف تعلیم حاصل کرنے بلکہ کاروبار کرنے، زمین اور زیور خریدنے کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔
- رقم لوگوں کے معیار زندگی کو بہتر کرتی ہے۔

اعادہ 3 منٹ

پڑھائے گئے سبق کا تصور مختصراً دہرائیں۔

جائزہ: 5 منٹ

متن کے حوالے سے مشق میں سے طلبہ سے سوالات کریں۔

گھر کا کام: **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

تیسری سہ ماہی	جماعت: پنجم	مضمون: معاشرتی علوم	سبقی منصوبہ بندی2
اُستاد کا نام:________	ہفتہ:10	تاریخ:________	وقت:40منٹ

باب ششم: معاشیات	سبق کا نام: رقم کا ارتقا

مقاصد:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- لوگوں کی زندگی اور کاروبار میں بینکوں کے کردار کی وضاحت کر سکیں۔
- اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے کردار کی شناخت کر سکیں۔

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ معاشرتی علوم جماعت (5) کی کتاب

تحریکی سرگرمی: 5منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے سوال پوچھیں:

- دھاتی سکے کب متعارف ہوئے؟
- رقم کا کردار بتائیں۔
- ہماری زندگی میں رقم کی کیا اہمیت ہے؟

ان سے سوالات کے جواب لیں اور حوصلہ افزائی کریں۔

تدریسی طریقہ کار: 25منٹ

- تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔
- طلبہ سے پوچھیں کیا آپ کبھی بینک گئے ہیں؟
- انھیں بتائیں بینک ایک مالیاتی اور تجارتی ادارہ ہے۔ جہاں لوگ اپنی ضروریات پوری کرنے کے بعد زائد رقم محفوظ کرواتے ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں بینکوں کے ذریعے لوگ اپنی رقوم ایک شہر سے دوسرے شہر یا ایک ملک سے دوسرے ملک باآسانی منتقل کر سکتے ہیں۔
- طلبہ کو بینکوں کی اہمیت مزید واضح کرتے ہوئے بتائیں سوئی گیس، بجلی، پانی اور ٹیلی فون کے بلوں کی ادائی بھی بینکوں کے ذریعے ہوتی ہے۔

اعادہ	**3منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو مختصراً دہرائیں۔

جائزہ:	**5منٹ**

مشق جزو(۳)کا سوال کتاب پر حل کروائیں۔

گھر کا کام:	**2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو مختصراً دہرائیں۔

تیسری سہ ماہی	جماعت: پنجم	مضمون: معاشرتی علوم	سبقی منصوبہ بندی 3
اُستاد کا نام:________	ہفتہ: 10	تاریخ:________	وقت: 40 منٹ

باب ششم: معاشیات	سبق کا نام: اشیا، خدمات اور تجارت، کاروبار، رقم کا ارتقا (دہرائی)

مقاصد:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- تمام اسباق کی دہرائی کرنا مقصود ہے۔

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ معاشرتی علوم جماعت (5) کی کتاب۔ ورک شیٹ

طریقہ تدریس: **10 منٹ**

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- طلبہ کو بتائیں آج ہم سبق "اشیا، خدمات اور تجارت، کاروبار، رقم کا ارتقا" کی دہرائی کریں گے تاکہ امتحان کے لیے تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- سبق کی پڑھائی کے بعد اہم نکات کی دہرائی کروائیں۔
- سبق کے اہم نکات کی دہرائی کے بعد ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔

اعادہ: **10 منٹ**

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

جائزہ:

N/A

گھر کا کام:

N/A

ورک شیٹ 20منٹ

سوال نمبر 1: صحیح جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

i) باغبانی اور جنگلات مثالیں ہیں:

- صنعتی کاروبار کی
- زرعی کاروبار کی
- سماجی کاروبار کی
- تجارتی کاروبار کی

ii) صحیح اور بروقت فیصلے کو کہتے ہیں:

- قوّتِ فیصلہ
- خُود احتسابی
- پُر اعتمادی
- تخلیقی صلاحیّت

iii) کم سرمائے سے شروع کیا جانے والا کاروبار ہے:

- چھوٹے پیمانے کا کاروبار
- بڑے پیمانے کا کاروبار
- درمیانے پیمانے کا کاروبار
- صنعتی کاروبار

iv) کسی بھی کاروبار کو فروغ دینے کے لیے اہم جزو سمجھا جاتا ہے:

- خوداحتسابی
- خوداعتمادی
- عاجزی
- مثبت رویّہ

سوال نمبر 1: دیے گئے سوالات کے مختصر جوابات دیں۔

۱۔ صارف کسے کہتے ہیں؟

____

____

۲۔ سماجی کاروبار کا کیا مقصد ہوتا ہے؟

____

____

۳۔ بارٹر سسٹم سے کیا مراد ہے؟

____

____

۴۔ پاکستان کے مرکزی بینک کا نام بتائیں۔

____

____

۵۔ پاکستان کی ترقی کے لیے بین الاقوامی تجارت کی کیا ضرورت ہے؟

____

____

۶۔ اشیا کی قلت کی کیا وجوہات ہیں؟

۷۔ نجی اشیا کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 3: پاکستان کی اہم درآمدات اور برآمدات کے نام لکھیں۔

سوال نمبر 4: کالم (الف) کو کالم (ب) سے ملائیں۔

کالم (الف)	کالم (ب)
کریڈٹ کارڈ	600 قبل مسیح
اشرفی	1200 قبل مسیح
کوڑی	20 ویں صدی
روپیا	712ء
پانا	1540ء ۔ 1545ء